بچوں کی شکایات کا دفتر (چلڈرن کمپلینٹ آفس) (سی سی او):

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں بچوں کی شکایات کا دفتر (سی سی او) 2008ء میں قائم کیا گیا۔ اس دفتر نے بچوں سے متعلق شکایات وصول کرنے اور انھیں حل کرنے کے طریقہ کار پر انتہائی لگن سے اپنی خدمات انجام دی ہیں۔ اگر کوئی بچہ محسوس کرے کہ کسی حکومتی/سرکاری ادارہ یا دیگر کسی متعلقہ ادارے نے اُن کے ساتھ کسی معاملہ میں ناانصافی کی ہے تو وہ سی سی اور (CCO) کے پاس شکایت کر سکتے ہیں۔ یہ شکایات بچوں کی طرف سے اُن کے والدین بھی کر سکتے ہیں۔ اگر یہ شکایت بچے/بچی کے والدین یا سرپرست کے علاوہ کسی اور شخص نے کی ہے، تو اسے اُن کے علم میں لایا جائے گا۔

سی سی او تین جہتوں میں کردار ادا کر رہا ہے:

1۔ بچوں یا اُن کی طرف سے دی گئی درخواستوں کی وصولی، جائزہ لینا اور تحقیقات کرنا۔

2۔ بچوں کے حقوق اور فلاح و بہبود کو فروغ دینا۔

3۔ بچوں کے حقوق کو متاثر کرنے والے نظام کے مسائل پر حکومت کو مشورہ دینا اور UNCRC پر عمل درآمد کرنے میں مدد دینا۔

پاکستان کے آئین میں 18ویں ترمیم کے تناظر میں صوبائی محتسب کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جہاں بچوں کی شکایات کے دفاتر کام کر رہے ہیں۔ تاہم وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے 4 علاقائی دفاتر کے سربراہان کو ذمہ داری سونپی ہے کہ وہ اپنے اپنے دائرہ اختیار والے علاقوں میں بچوں کے حقوق کے مسائل کی نگرانی کریں۔ وفاقی اور صوبائی محتسب پورے ملک میں بچوں کے حقوق پر اثر انداز ہونے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ ایڈوائزری (مشاورتی) سطح پر مشاورت کے لیے نیشنل کمیٹی آن چلڈرن میں متعدد شراکت داروں کی شمولیت کو یقینی بنایا گیا ہے۔